سوال

(453) عمروں میں سر کے بعض حصوں کی تقصیر کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حج یا صرف عمرہ کی نیت سے مکہ پہنچنے کے بعد عمرہ کی ادائیگی کے بعد سر کے بال اُسترے سے صاف کروائیں یا مشین سے کٹوائیں؟ بعض حضرات سر کا صرف چوتھائی حصہ بال کٹواتے ہیں۔ پھر دوسرے عمرہ میں 2اور چوتھے عمرہ میں 2اسی طرح بعض حضرات عمرہ مکمل ہونے پر قینچی سے صرف چند بال کاٹ دیتے ہیں۔ براہِ مہربانی اس کی وضاحت فرمائیں۔ (شیخ محمد فاروق۔ پشاور) (۲۵فروری ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

جب آدمی عمرہ کے لیے مکہ معظمہ جائے اور حج میں اگر کافی دن ہیں تو سارا سر اُسترے سے صاف کرادے اور اگر کم دن ہیں تو مشین وغیرہ سے تقصیر کرالے تاکہ تحلیق (سر منڈانے) پر عمل حج کے موقع پر ہو جو باعثِ فضیلت ہے۔ اور بعض لوگ جو عمروں کی کثرت کی وجہ سے کہیں کہیں سے تھوڑے تھوڑے بالوں کی تقصیر کرتے ہیں یہ سنت سے ثابت نہیں۔ اس سے احتراز ضروری ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الصوم: صفحہ:351

محدث فتویٰ